2017年6月7日ジャング紙ラホール版5面

خواتین کی شمولیت سے معاشی ترقی کی رفتار بڑھ گئی

حمیدہ وحیدالدین

ملازمت پیشہ خواتین کے بچوں کی نگہداشت کیلئے معیاری ڈے کیئر سینٹر قائم کر رہے ہیں

لاہور (لیڈی رپورٹر) وزیر برائے ترقی خواتین پنجاب حمیدہ وحیدالدین نے کہا ہے کہ مرحلہ وار پروگرام کے تحت صوبہ کے مختلف شہروں میں ملازمت پیشہ خواتین کے بچوں کی نگہداشت کیلئے معیاری ڈے کیئر سینٹر قائم کئے جا رہے ہیں۔ گلاب دیوی چیسٹ ہسپتال فیروز پور روڈ میں ڈے کیئر سینٹر کے افتتاح کے موقع پر خطاب میں انہوں نے کہا کہ خواتین ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں اور خواتین کی شمولیت سے ملکی معاشی ترقی کی رفتار میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے معاشرتی مائنڈ سیٹ میں تبدیلی ناگزیر ہے۔ خواتین کیلئے سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ 5 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کر دیا گیا ہے جبکہ وہ اوپن میرٹ پر بھی ملازمتوں کیلئے درخواست دے سکتی ہیں۔ کاروباری سرگرمیوں میں خواتین کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کیلئے انہیں آسان شرائط پر قرضے فراہم کئے جا رہے ہیں۔ خواتین حکومت پنجاب کے اقدامات سے فائدہ اٹھائیں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔